# 10-09-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......وزیراعلی ریونت ریڈی نے آج سولہویں فینانس کمیشن سے درخواست کی ہے کہ قرض کی تشکیل نو کے ریاست کو اختیارات دیں۔یا ریاست کو موجودہ حالات میں درپیش بڑے چیالنجس پر قابو پانے کے لئے امداد فراہم کریں۔

......سولہویں مرکزی مالیاتی کمیشن کے چیرمین اروند پناگریہ۔ نے کہا کہ کمیشن، ریاستی حکومت کی طرف سے قرض کی تنظیم نو یا امداد سے متعلق کا مطالع کرے گا۔

......سابق وزیر صحت اور بی آر ایس کے سینئر رکن اسمبلی ہریش راو نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ۔ ویدیا ودھانا پریشد کے تحت مختلف ٹی وی وی پی۔ دواخانوں میں کام کرنے والے عملے کی زیرالتوا تنخواہیں جلد جاری کریں۔

......آندھراپردیش میں جاری مسلسل بارش اور سیلاب سے اب تک چھیالیس افراد اپنی جان گنوا چکے ہیں۔جبکہ ایک لاکھ چھیانوے ہزار ایک سو ہیکٹر اراضی پر فصلوں کو زبردست نقصان پہونچا ہے۔

FC

وزیراعلی ریونت ریڈی نے آج سولہویں فینانس کمیشن سے درخواست کی ہے کہ قرض کی تشکیل نو کے ریاست کو اختیارات دیں۔یا ریاست کو موجودہ حالات میں درپیش بڑے چیالنجس پر قابو پانے کے لئے امداد فراہم کریں۔انہوں نے کہا کہ ریاست کو بہتر معیشت اور دیگر فوائد کے باوجود قرض کی بوجھ کی وجہ سے بڑے چیالنجس کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست کو 6.85 لاکھ کروڑ روپئے سے زائد قرض کا بوجھ ہے۔واضح رہے کہ سولہویں فینانس کمیشن کا اجلاس حیدرآباد میں پرجا بھون میں منعقد ہوا۔اس موقع پر چیف منسٹر نے کمیشن کے سامنے یہ بات بھی پیش کی کہ ہماری آمدنی کا ایک اہم حصہ گذشتہ دس سالوں میں لئے گئے قرض پر ہی صرف ہو رہا ہے۔ چیف منسٹر نے کمیشن سے مسائل کے حل کے لئے مدد درخواست کی ہے۔اس کے علاوہ ریونت ریڈی کمیشن سے ریاستوں کو مرکزی فنڈس کی مختص رقم اکتالیس فیصد سے بڑھا کر پچاس فیصد کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ چیف منسٹر نے اس یقین کا اظہار کیا کہ کمیشن کی سفارشات تلنگانہ کو موجودہ چیالنجس پر قابو پانے میں مدد فراہم کریں گی۔

PANAGARIYA

سولہویں مرکزی مالیاتی کمیشن کے چیرمین اروند پناگریہ۔ نے کہا کہ کمیشن، ریاستی حکومت کی طرف سے قرض کی تنظیم نو یا امداد سے متعلق کا مطالع کرے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ کمیشن ریاست کے شہری ترقی کے منصوبے اور روڈ میاپ سے متاثر ہے۔اروند پناگریہ نے ریاستی حکومت سے بات چیت کے بعد میڈیا کو مخاطب کیا۔واضح رہے کہ کمیشن نے ریاست تلنگانہ کا دورہ کیا اور ریاستوں کو ٹیکسوں کی منتقلی۔شہری

بلدیاتی اداروں کے لئے گرانٹس۔ اور ڈیزاسٹر ریلیف فنڈس سمیت مختلف امور پر مشاورت کی۔ ڈاکٹر پنا گریہ نے کہا کہ ریاستی حکومت نے کمیشن کو تمام تفصیلات فراہم کی ہیں۔ اور تمام پہلوؤں کی وضاحت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں سیس اور سرچارج جس میں بھی حصہ دینے کی بات کہی ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ کمیشن کی جانب سے سفارشات پیش کرتے وقت تمام انپٹس کو دیکھا جائے گا۔

TVVP

سابق وزیر صحت اور بی آر ایس کے سینئر رکن اسمبلی ہریش راو نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ۔ ویدیا ودھانا پریشد کے تحت مختلف دواخانوں میں کام کرنے والے صفائی ستھرائی۔ مریضوں کی دیکھ بھال۔ اور سیکوریٹی اسٹاف کے عملے کی زیر التوا تنخواہیں جلد جاری کریں۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت گذشتہ چھ ماہ سے ان لوگوں کی تنخواہیں ادا نہیں کر رہی ہے۔ ہاسپٹل کے عملے کی جانب سے جاری احتجاج پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے ہریش راو نے کانگریس کے ناروا رویے پر ناراضگی کا اظہار کیا اور شدید تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اسپتالوں میں پہلے ہی عملے کی کمی ہے اور شدید وائرل بخار کے چلتے مریضوں کی بوجھ بھی زیادہ ہے۔

ADD TVVP

واضح رہے کہ تلنگانہ ویدیا ودھان پریشد (ٹی وی وی پی) کے تحت آنے والے سرکاری صحت کے شعبے کے تحت دیکھ بھال کی سہولیات میں مصروف تقریباً چارسو کنٹراکٹ ملازمین نے حیدرآباد کے کوٹھی ڈسٹرکٹ اسپتال میں اپنی تنخواہوں کی چھ ماہ سے عدم ادائیگی کے خلاف احتجاج منظم کیا۔ ملازمین نے ایک گھنٹے تک ڈیوٹی کا بائیکاٹ کیا۔ تلنگانہ میڈیکل کنٹراکٹ ایمپلائز اینڈ ورکرس یونینس نے کہا کہ ٹی وی وی پی اسپتالوں میں فروری سے تنخواہیں ادا نہیں کی گئی ہیں۔ کیونکہ حکومت کی جانب سے بلوں کی ادائیگی نہیں کی جارہی ہے۔ تنخواہیں فوری جاری کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کنٹراکٹ ملازمین نے تمام اضلاع میں ایک گھنٹے تک کام کا بائیکاٹ کیا۔

GODAVARI

ضلع کوتہ گوڑم کے بھدراچلم میں گوداوری کی تریالیس فٹ سطح کو عبور کرنے پر پہلی وارننگ جاری کی گئی ہے۔ آج صبح یہاں پانی کی سطح پنتالیس اعشاریہ پانچ صفر فٹ تھی۔ جبکہ دس اعشاریہ تین دولاکھ پانچ چھوڑا گیا۔ ضلع کلکٹر جے بی پاٹل نے بتایا کہ پانی کے زائد انفلو کی وجہ سے گوداوری کی سطح مزید بڑھ سکتی ہے۔ کیونکہ معاون ندیوں تلی پیرو۔ سابری۔ اور اندراوتی کا پانی بارش کے پیش نظر گوداوری میں داخل ہو رہا ہے۔ انہوں نے گاوں میں رہنے والے اور دریا کے کناروں پر رہنے والے افراد سے چوکنا رہنے اور دریا سے دور رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

CP

حیدرآباد سٹی پولیس کمشنر سی وی آنند نے آج گنیش اور میلادالنبیؐ کے تہواروں کے لئے سیکوریٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ خیریت آباد گنیش میں پوجا میں حصہ لینے کے بعد بات کرتے ہوئے سی وی آنند نے گنیش اتسو کمیٹی کے اراکین پر زور دیا کہ وہ گذشتہ سال کی طرح ہی اس بار بھی اسی طریقہ کار پر عمل کریں۔ انہوں نے درخواست کی کہ تمام متعلقہ کاموں کو ابتدائی اوقات میں مکمل کیا جائے۔ اور حسین ساگر میں وسرجن

دوپہرتک مکمل کرلیں۔ منتظمین نے وسرجن کے عمل کو جلد مکمل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ بعدازاں کمشنر سی وی آنند۔ساوتھ زون ڈی سی پی آفس گئے اورلاء اینڈ آرڈر۔ٹریفک،ٹاسک فورس۔اوراسپیشل برانچ کے افسران سے ملاقات کی۔اورگنیش جلوس اورمیلا دالنبیؐ تقاریبات کی تیاریوں پر بات چیت کی۔

AP RAINS

آندھراپردیش میں جاری مسلسل بارش اورسیلاب سے اب تک چھیالیس افرادا پنی جان گنواچ کے ہیں۔جبکہ ایک لاکھ چھیانوے ہزارایک سوہیکٹر اراضی پرفصلوں کوزبردست نقصان پہونچاہے۔سرکاری بیان میں بتایا گیاہے کہ اب تک چھیالیس افرادشدید بارش کی وجہ سے ہلاک ہوچکے ہیں۔صرف این ٹی آر ضلع میں چھتیس افراد کی موت ہوئی ہے۔جبکہ گنٹور ضلع میں سات۔ایلور ضلع میں دو۔اور پالناڈو ضلع ایک شخص کی موت ہوئی ہے۔ پریس کو جاری کئے گئے بیان میں بتایا گیاہے کہ فصلوں کونقصان کی وجہ سے دولاکھ چالیس ہزار دوسوباہتر کسان متاثر ہوئے ہیں۔جبکہ سولہ ہزار چھ سوچھیاسی ہیکٹر باغبانی کی کاشت کونقصان پہونچاہے۔جس سے تیس ہزارآٹھ سوستھتر کسان متاثرہوئے ہیں۔سیلاب کی وجہ سے چار ہزارکلومیٹر سے زیادہ سڑکوں کونقصان پہونچاہے۔کئی مقامات پرستر سے زائد شگاف پڑ گئے ہیں۔ بھاری بارش اورسیلاب کی وجہ سے ریاست میں چھ اعشاریہ چارلاکھ سے زائدلوگ متاثرہوئے ہیں۔جس کے لئے ریاست میں دوسوچھیالیس ریلیف کیمپ قائم کئے گئے ہیں۔

SCR

ساوتھ سنٹرل ریلوے(ایس سی آر) نے چھ ملازمین کوان کی بہترین کارکردگی پراعزاز سے نوازاہے۔ان ملازمین نے شدید بارش کے دوران ریلوے ٹریک کی ٹوٹ پھوٹ اوردیگرخرابیوں کی وقت پرنشاندہی کی۔جس کی وجہ سے حادثوں کوروکنے میں مددملی۔ساوتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجرارون کمارجین نے ان کوسرٹیفکٹس حوالے کئے۔ٹرینوں کی حفاظت کیلئے جن لوگوں کوآپریشن سرٹیفکٹس دیئے گئے ہیں ان میں ٹریک مین موہن۔جگدیش۔اورکرشنا۔بالترتیب نکنڈا۔محبوب آباد۔اورمحبوب آباد سے تعلق رکھنے والے شامل ہیں۔ جونیئر انجینئر وی سدانائک محبوب آباداورسینئرسیکشن انجینئر راجومولی محبوب آبادبھی ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں شامل ہیں۔

WEATHER

تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق چل رہاہے۔محکمہ موسمیات نے آج حیدرآبادمیں اپنی یومیہ رپورٹ میں بتایاکہ اگلے باہترگھنٹوں کے دوران ریاست کے مختلف مقامات پرہلکی سے درمیانی بارش یاگرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے کچھ مقامات پربارش ریکارڈ کی گئی ہے۔رپورٹ میں یہ بات بتائی گی۔

INTER

تلنگانہ بورڈآف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن نے آج تعلیمی سال 2024-25 کیلئے انٹرمیڈیٹ سال اول میں داخلوں کی آخری تاریخ کواس ماہ کی پندرہ تاریخ تک بڑھادیاہے۔گذشتہ دنوں ریاست میں بارش اورسیلاب کی صورتحال کی وجہ سے تاریخ میں توسیع کی گئی ہے۔

انٹرمیڈیٹ کالج کے پرنسپالس سے کہا گیا ہے کہ وہ پندرہ تاریخ تک طلبا کو داخلہ دینے کا عمل جاری رکھیں ۔ساتھ ہی طلبا اور سرپرستوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ الحاق شدہ کالجس میں ہی داخلہ لیں ۔

TIGER

امرآباد ٹائیگر ریزرو۔اے ٹی آر۔میں ایک حالیہ سروے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ مقامی شیروں کی آبادی کے لئے ایک مضبوط شکار کی نشاندہی کی گئی۔فیلڈ ڈائریکٹر شا تیجا کی قیادت میں کئے گئے سروے میں مختلف اقسام کے جانوروں کی نشاندہی کی گئی جن میں ہرن۔سانبر۔نیل گائے۔چار سنگھ والے ہرن۔جنگلی خنزیر وغیرہ شامل ہیں۔فیز چار کے حصے کے طور پر سروے میں شیروں کی آبادی کا بھی جائزہ لیا گیا۔جس میں کل چونتیس شیروں کا انکشاف ہوا۔جس میں گیارہ نر۔پندرہ مادہ اور آٹھ بچے شامل ہیں۔جس میں چار کی اس سال پہلی بار شناخت ہوئی ہے۔

WAQF BOARD

تلنگانہ وقف بورڈ نے مرکزی حکومت کے مجوزہ وقف ترمیمی بل 2024 کے خلاف ریاست گیر سطح پر شعور بیداری مہم چلانے کا فیصلہ کیا ہے تا کہ پارلیمانی ورکنگ کمیٹی کو بل کی مخالفت میں زیادہ سے زیادہ نمائندگی کی جاسکے۔صدرنشین تلنگانہ وقف بورڈ بسید عظمت اللہ حسینی نے پیر کو وقف بورڈ کے ارکان مولانا بندگی پاشاہ،ایم اے کے مقیت ایڈوکیٹ اور چیف اگزیکٹیو آفیسر محمد اسداللہ کے ساتھ مل کر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مشترکہ پارلیمانی ورکنگ کمیٹی نے 6 ستمبر کو نئی دہلی میں تلنگانہ وقف بورڈ کی جانب سے کی گئی ٹھوس نمائندگی پر مثبت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔تلنگانہ وقف بورڈ کی جانب سے ترمیمی بل کی تمام 40 ترمیمات کا مدلل طور پر جواب دیتے ہوئے تحریری یادداشت پیش کی اور کمیٹی کے روبرو دلائل پیش کئے۔ورکنگ کمیٹی میں شامل بی جے پی کے ارکان نے کہا کہ کمیٹی کو ملک بھر سے اب تک موصولہ نمائندگیوں میں تلنگانہ وقف بورڈ کی نمائندگی ٹھوس مدلل اور جامع ثابت ہوتی ہے۔عظمت اللہ حسینی نے کہا کہ تلنگانہ وقف بورڈ کو ملک میں یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے سب سے پہلے وقف ترمیمی بل کو مسترد کرتے ہوئے قرارداد منظور کی۔ماہرین سے مشاورت کے ذریعہ تفصیلی یادداشت تیار کی گئی جسے 6 ستمبر کو بورڈ کے 7 رکنی وفد نے پارلیمانی کمیٹی کو پیش کیا۔صدرنشین وقف بورڈ کے مطابق ورکنگ کمیٹی نے دو گھنٹے تک تلنگانہ کی نمائندگی کی سماعت کی اور کئی امور پر سوالات کئے۔ہر ترمیم کے بارے میں دلیل اعتراضات پیش کئے گئے جس پر کمیٹی نے اطمینان کا اظہار کیا۔